سوال

(112) صحابی کی تعریف

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا صحابہ سے مراد صرف وہی لوگ ہیں جنھوں نے نبی ﷺ کو دیکھا یا وہ ہیں جنھوں نے آپ ﷺ کو دیکھا اور آپ کے ساتھ محبت یا وہ لوگ مراد ہیں جو آپ کے زمانے میں زندہ تھے اور آپ کو دیکھا بھی ہو یا شاید نہ دیکھا ہو۔ (احمد سالم جمعہ عمان)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ولاحول ولاقوة الاباللہ

صحابی وہ ہے جس نے نبی ﷺ کو دیکھا اور آپ پر ایمان لایا اور ایمان ہی پر وہ فوت ہوا یا آپ سے بات کی اور آپ کے منہ مبارک سے آپ کی بات سنی جیسے ابن ام مکتومؓ (نابینا)

۔

اور جس نے آپ ﷺ کو نہیں دیکھا اور آپ کے زمانے میں موجود تھا تو اس کا شمار صحابہ میں نہ ہوگا جیسے اویس قرنیؒ یہ یمن میں تھے اور والدہ کی خدمت کی وجہ سے رکے ہوئے تھے جب یہ مدینہ پہنچے تو اس کے پہنچنے سے پہلے ہی نبی ﷺ فوت ہوگئے تھے۔ تو وہ صحابی شمار نہیں ہوئے اور نص نبوی کے مطابق وہ خیر التابعین ہیں جیسے کہ مسلم (2/۳۱۱) میں ہے۔

اور جن لوگوں نے آپ کو دیکھا لیکن آپ ﷺ پر ایمان نہیں لائے یا ایمان لانے کے بعد مرتد ہوگئے تو یہ کافر ہیں اور صحابہ میں سے نہیں۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ الدین الخالص

ج1ص219